# ایک وقت میں چار سے زیادہ شادیاں کرنا کیسا؟

**مجیب:** ابو الفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

**فتوی نمبر:** WAT-3388

**تاریخ اجراء:** 13 جمادی الاخریٰ 1446ھ / 16 دسمبر 2024ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا ہم چار سے زیادہ بیویاں اپنے نکاح میں رکھ سکتے ہیں؟ اگر کسی نے پانچویں شادی کرنی ہو اور پچھلی چار بیویوں میں کوئی مسئلہ بھی نہ ہو، تو کیا وہ کر سکتا ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مرد کے لیے ایک وقت میں زیادہ سے زیادہ چار شادیاں کرنا، جائز ہے، جب کہ سب کے حقوق پورے کر سکتا ہو اور سب کے درمیان عدل و انصاف قائم رکھ سکتا ہو۔ ایک وقت میں چار سے زیادہ شادیاں کرنا، یعنی ایک وقت میں چار سے زیادہ عورتیں نکاح میں ہونا، ہرگز جائز نہیں۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے: (فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً) ترجمہ کنزالایمان: تو نکاح میں لاؤ جو عورتیں تمہیں خوش آئیں دو دو اور تین تین اور چار چار پھر اگر ڈرو کہ دو بیبیوں کو برابر نہ رکھ سکو گے تو ایک ہی کرو۔ (سورۃ النساء، پارہ 04، آیت: 03)

اس کے تحت تفسیر خزائن العرفان میں صدر الافاضل، مفتی محمد نعیم الدین مراد آبادی علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں:

مسئلہ: اِس آیت سے معلوم ہوا کہ آزاد مرد کے لئے ایک وقت میں چار عورتوں تک سے نکاح جائز ہے۔۔۔ الخ۔

مسئلہ: تمام امّت کا اجماع ہے کہ ایک وقت میں چار عورتوں سے زیادہ نکاح میں رکھنا کسی کے لئے جائز نہیں سوائے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے، یہ آپ کے خصائص میں سے ہے۔ ابو داؤد کی حدیث میں ہے کہ ایک شخص اسلام لائے اُن کی آٹھ بی بیاں تھیں حضور نے فرمایا اِن میں سے چار رکھنا، ترمذی کی حدیث میں ہے کہ غیلان

بن سلمہ ثَقَفِی اسلام لائے اُن کے دس بی بیاں تھیں وہ ساتھ مسلمان ہوئیں حضور نے حکم دیا اِن میں سے چار رکھو۔(تفسیر خزائن العرفان، تحت هذه الآية)

در مختار میں ہے: "(و) صح (نكاح أربع من الحرائر والإماء فقط للحر) لا أكثر "ترجمہ: آزاد مرد کے لیے آزاد عورتوں اور لونڈیوں میں سے چار سے شادی کرنا، جائز ہے، اس سے زیادہ جائز نہیں۔(درمختار، کتاب النکاح، جلد3، صفحہ48، مطبوعہ بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net